Year 1
نمبر سکریننگ چیک

والدین اور کیئررز کے لیے معلومات

Year 1 نمبر سکریننگ چیک سے کیا مراد ہے؟

Year 1 نمبر سکریننگ چیک (Year 1 Number Screening Check) سے مراد پوری سٹیٹ میں مستعمل ایک مختصر اسیسمنٹ (جانچ) ہے جس سے اساتذہ کو پتہ چلتا ہے کہ آپ کا بچہ ہندسوں کا ابتدائی علم حاصل کرنے میں کیسا جا رہا ہے۔ اس سکریننگ چیک میں دیکھا جاتا ہے کہ بچہ ہندسوں کو پہچاننے، ہندسوں کو ترتیب دینے، گنتی، موازنے اور جمع اور تفریق میں کیسا ہے۔

بچہ ایک استاد کے ساتھ بیٹھے گا اور اسے تقریباً 30 سوالوں کے جواب دینے کو کہا جائے گا۔ اس چیک میں عام طور پر **10 سے 15** منٹ لگتے ہیں۔ Year 1 Number Screening Check کو یہ لحاظ رکھتے ہوئے ڈیزائن کیا گیا ہے کہ یہ بچے کو پریشان کُن نہ لگے۔ اگر آپ کے بچے کو مشکل ہو تو استاد چیک روک دے گا۔

Year 1 Number Screening Check کا بنیادی مقصد آپ کے بچے کے استاد کو ایسی معلومات فراہم کرنا ہے جن سے استاد کے لیے بچے کی تحصیل علم کے لیے منصوبہ بندی کرنا ممکن ہو گا۔ استاد Year 1 کے تمام بچوں کی اسیسمنٹ انفرادی طور پر کرے گا۔

اگر Year 1 Number Screening Check کے متعلق آپ کا کوئی سوال ہو تو اپنے سکول سے رابطہ کریں۔

ہندسوں کی سمجھ سے کیا مراد ہے؟

ہندسوں کی سمجھ یا نمبر سینس سے مراد روزمرّہ زندگی میں ہندسوں کو سمجھنے، ان سے واسطہ رکھنے اور ان کے ساتھ کام کرنے کی صلاحیت اور اس کے ذریعے دنیا کو سمجھنا ہے۔ کچھ بچوں کو ہندسوں کو سمجھنا مشکل لگتا ہے اس لیے یہ اہم ہے کہ ایسے بچوں کا جلد پتہ لگایا جائے۔ اس طرح اساتذہ بچوں کو ان کی ضرورت کی مدد دلانے کے لیے منصوبہ بندی کر سکتے ہیں۔

نمبروں کی سمجھ کیوں اہم ہے؟

ہندسوں کی سمجھ کی اچھی بنیاد پڑ جانے سے بچے کو پرائمری اور ہائی سکول کے آنے والے سالوں میں ریاضی کے زیادہ پیچیدہ تصورّات کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔

ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس

اگر آپ کو سکول سے رابطہ کرنے کے لیے انٹرپریٹر (مترجم) کی ضرورت ہے تو براہ مہربانی 131 450 پر فون کریں، آپریٹر کو اپنی مطلوبہ زبان بتائیں اور سکول کو فون کرنے کے لیے کہیں۔ آپریٹر لائن پر ایک انٹرپریٹر مہیا کر دے گا جو بات چیت میں آپکی مدد کرے گا۔ آپ سے اس سروس کا معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔

NSW GOVERNMENT